© rasailojaraid.com

انشاء اللہ العزیز مولانا حامد الحق حقانی بھی اپنے عظیم دادا اور والد گرامی کی روایات کو زندہ رکھتے ہوئے پارلیمنٹ میں اسلام اور پاکستان کی ترقی کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

آخر میں ہم اپنے حلقہ انتخاب اور اپنے ووٹروں ،مخلصین ، معاونین ، کارکنوں اور ان تمام افراد کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس نازک مرحلہ میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا۔ اسی طرح ملک و بیرون ملک ان تمام حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے مبارکباد کے لئے فون کئے یا تار بھیجے یا انفرادی طور پر یا جلوسوں کی شکل میں یہاں تشریف لائے۔

---

## ماہنامہ ''الحق'' کی اشاعت میں تاخیر کی وجوہ

جیسا کہ قارئین کرام کو معلوم ہے کہ گزشتہ دو ماہ سے سارے ملک میں انتخابات کی تیاریاں اور مصروفیات جاری تھیں اور زندگی کا ہر شعبہ یقیناً انتخابات کی لپیٹ میں آیا ہوا ہیں ادارہ ''الحق'' بھی انتخابات کی مصروفیات کے باعث کافی متاثر ہوا۔ کیونکہ یہاں سے مولانا حامد الحق حقانی قومی اسمبلی کا الیکشن لڑ رہے تھے اور پھر خصوصاً ادارہ ''الحق'' کے ایڈیٹر بشمول سارے انتظامیہ کے اس مہم میں دن رات منہمک رہے لیکن پھر بھی تمام تر مصروفیات کے باوجود اگست کا شمارہ کمپوز کیا جا چکا تھا لیکن بدقسمتی سے انہی دنوں کمپیوٹر میں ہارڈ ڈسک کی خرابی کی وجہ سے تمام ضروری فائلیں بشمول اگست کا شمارہ ضائع ہوگیا۔ رہی سہی کسر اس ناگہانی آفت نے پوری کردی اور پھر انتخابات میں کم وقفہ اور مصروفیات میں شدت کے باعث اور پھر کامیابی کے بعد یہاں ہزاروں مہمانوں کی آمد کی وجہ سے اس کی اشاعت میں تاخیر ہوتی چلی گئی اور معزز قارئین کرام کو انتظار کی ناگوار زحمت اٹھانی پڑی۔ جس کا ہمیں پورا احساس ہے لیکن مندرجہ بالا معقول اعذار اور واقعات کے باعث ہم اپنے معزز قارئین سے پھر بھی انتہائی معذرت خواہ ہیں۔

**نوٹ:** یہ شمارہ اگست اور ستمبر کے دو ماہ پر مشتمل ہے۔

### مدیر الحق کی وطن واپسی

مدیر الحق مولانا راشد الحق سمیع جو کہ جون میں ذاتی مصروفیات اور احباب کی دعوت پر اہل خانہ سمیت بیرون ملک تشریف لے گئے تھے مورخہ 24 اگست 2002ء کو ڈھائی ماہ کے بعد وطن واپس آئے۔ اس دوران ان کے نام متعدد خطوط اور فون کالز آئیں جس کا بروقت جواب نہ دیا جا سکا۔ جن احباب نے جواب طلب خطوط بھیجے ہیں انشاء اللہ ان تمام دوستوں کے خطوط کے جوابات دیئے جائیں گے۔ ............(ادارہ)

© rasailojaraid.com